بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۴۹

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

# روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر روشن دین تنویر

یوم: بدھ

قیمت فی پرچہ ۱۵ پیسے

جلد ۵۹/۲۴ | ۲۳ شوال ۱۳۹۰ھ - ۲۳ فتح ۱۳۴۹ ہش - ۲۳ دسمبر ۱۹۷۰ء | نمبر ۲۹۱

# وہ زماں اور وہ روزگار پھر آپہنچا کہ جب ہزاروں ہزار فرزندانِ احمدیت کو

## آسمانی برکتوں اور رحمتوں سے مالامال ہونے کا انمول موقع میسّر آئے گا

## جلسہ سالانہ کے انتظامات کو آخری شکل دینے میں انتہائی سرگرمی اور دوڑ دھوپ کا مظاہرہ

ربوہ ۲۲ فتح — الحمد للہ ثم الحمد للہ ہمارے نہایت درجہ مقدس و بابرکت للّٰہی جلسہ سالانہ کے قریب آنے سے وہ زماں اور وہ روزگار پھر آپہنچا ہے کہ جب ہزاروں ہزار فرزندانِ احمدیت کو آسمانی برکتوں اور رحمتوں سے مالامال ہونے کا انمول موقع میسّر آئے گا۔ جہاں ملک کے کونہ کونہ میں پھیلے ہوئے احباب آجکل مرکزِ سلسلہ میں دیوانہ وار کھنچے چلے آنے کی تیاریوں میں مصروف ہیں وہاں اہلِ ربوہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خوش نصیب مہمانوں کو خوش آمدید کہنے اور ان کی ہر ممکن خدمت بجالانے کی سعادت سے بہرہ ور ہونے کی تمنّا میں جلسۂ سالانہ کے انتظامات کو آخری شکل دینے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ آجکل ربوہ میں ذوق و شوق اور ولولۂ عشق کے زیرِ اثر انتہائی سرگرمی اور دوڑ دھوپ کا عجیب پُرکیف منظر دیکھنے میں آرہا ہے۔ ہر طرف اور ہر سمت زندگی کی ایک نئی لہر دوڑ رہی ہے۔

محترم جناب سید داؤد احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ کی سرکردگی میں جلسہ سالانہ کے مختلف انتظامی شعبے گزشتہ کئی ماہ سے مصروفِ عمل تھے۔ اب جبکہ جلسہ کے شروع ہونے میں چند روز رہ گئے ہیں اور جملہ انتظامات کو آخری شکل دی جارہی ہے انتظامی شعبوں کی سرگرمی اور دوڑ دھوپ اپنے نقطۂ عروج کو پہنچی ہوئی ہے۔ تینوں لنگر خانے ہر طرح درست کر دیئے گئے ہیں اور ان میں ضروری اجناس پہنچا دی گئی ہیں۔ اُدھر ربوہ کی سڑکوں پر بجری بچھا کر اور چھڑکاؤ کر کر کے انہیں درست کیا جارہا ہے۔ دارالضیافت سے گیسٹ ہاؤس تحریکِ جدید تک دورویہ سڑکوں کے درمیانی پلاٹس میں بے شمار رہائشی خیمے نصب کئے جاچکے ہیں۔ اسی طرح مردانہ جلسہ گاہ جو احاطہ مسجد اقصیٰ کے صحن اور اس سے ملحقہ میدان میں سٹیڈیم کی طرز پر بنائی گئی ہے دن رات کام کر کے مکمل کی جاچکی ہے۔ مزید برآں مردانہ جلسہ گاہ سے زنانہ جلسہ گاہ واقع احاطہ دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ تک لاؤڈ سپیکر کا رابطہ قائم کرنے کی غرض سے قریباً پون میل لمبے راستہ پر فاصلہ فاصلہ سے پول گاڑ کر ان پر وائرنگ مکمل ہوچکی ہے جملہ انتظامات کے پایۂ تکمیل تک پہنچنے پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ آج ۲۲ دسمبر کو انتظامات کا معائنہ فرما رہے ہیں۔

اُدھر بازاروں کی سج دھج، رونق اور چہل پہل میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے۔ علی الخصوص گولبازار اور رحمت بازار کی دکانیں بڑی تیزی سے نیا رنگ روپ اختیار کرتی جا رہی ہیں۔ دکانداروں نے ہر قسم کا سامان بکثرت فراہم کر لیا ہے تاکہ باہر سے آنے والے مہمان اپنی ضرورت اور پسند کی اشیاء خرید سکیں۔ آجکل اہلِ ربوہ بھی مہمانوں کی حسبِ استطاعت خدمت اور خاطر مدارات کی سعادت حاصل کرنے کے لئے ہر قسم کا سامان خرید رہے ہیں اور دکانوں پر خریداروں کی بھیڑ ابھی سے نظر آنے لگی ہے۔

الغرض آجکل ربوہ میں ہر طرف دوڑ دھوپ، سرگرمی، چہل پہل، رونق اور گہما گہمی کا ایک پُرکیف منظر دیکھنے میں آرہا ہے اور پورے شہر میں آمدِ نوبہار کی کیفیت اپنا اثر دکھا رہی ہے۔ ہر چہرہ خوشی سے کھلا ہوا ہے اور ہر دل مسرور ہے کیوں نہ ایسا ہو جبکہ اہلِ ربوہ گلشنِ احمد میں آنے والی اس بہارِ جانفزا سے لطف اندوز و فائز المرام ہونے کے لئے سال بھر منتظر رہتے اور گن گن کر دن گزارتے ہیں۔ ان کی خواہش، ان کی تمنّا اور ان کی آرزو اب پورا ہوا چاہتی ہے (باقی صفحہ پر)

## جماعتِ احمدیہ انڈونیشیا کی طرف سے مشرقی پاکستان کے طوفان زدگان کی امداد

انڈونیشیا سے مبلّغ انچارج مکرم مولوی محمد صادق صاحب نے مندرجہ ذیل اطلاع بھجوائی ہے:۔

"مشرقی پاکستان میں طوفان زدگان کی مدد کے لئے یہاں عام تحریک ہوئی ہے جماعت بھی اس میں حصہ لے رہی ہے۔ چیک ۵۰۰۰۰ روپیہ کا تیار کر لیا گیا ہے اور دو تین روز کے اندر اندر ایمبیسی پاکستان کو پہنچا دیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔"

## احبابِ جماعت کیلئے ضروری اطلاع

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔

"گزشتہ ماہ پہلے انفلوئنزا کی وجہ سے طبیعت ناساز رہی۔ پھر نقرس کا شدید حملہ ہوا، اس عرصہ میں ضعف کی بھی شکایت رہی، جس کے باعث ڈاک باقاعدگی سے نہ دیکھ سکا البتہ سب دوستوں کے لئے دعا کرتا رہا ہوں۔ اب ڈاک دیکھنی شروع کی ہے۔ دوستوں کو ان کے خطوط کے جواب بھی ساتھ کے ساتھ دیئے جا رہے ہیں۔"

(پرائیویٹ سیکرٹری)

## اخبار احمدیہ

ربوہ ۲۲ فتح۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ۔ حضور کی حرمِ محترمہ حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی طبیعت بھی بفضلہ تعالیٰ اچھی ہے، ثم الحمد للہ۔

احباب جماعت حضور ایدہ اللہ اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی صحت و عافیت کے لئے التزام سے دعائیں کرتے رہیں۔

ربوہ — محترم ملک عمر علی صاحب مرحوم کے صاحبزادگان مکرم ملک فاروق احمد صاحب اور مکرم ملک خالد احمد صاحب ۱۸ دسمبر کو صبح ½۱۰ بجے ربوہ سے بذریعہ موٹر کار لائل پور جاتے ہوئے موٹر اُلٹ جانے کی وجہ سے زخمی ہوگئے ہیں۔ نیز مکرم ملک فاروق احمد صاحب کی بچی عزیزہ ورثمین سلمہا بعمر ½۱ سال کو بھی کچھ چوٹیں آئی ہیں۔ تینوں کی حالت اب پہلے کی نسبت بفضلہ تعالیٰ بہتر ہے۔ احبابِ جماعت خاص توجہ اور درد کے ساتھ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے تینوں کو صحتِ کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین۔

## ضروری اطلاع

جن بہنوں اور بچیوں نے جلسہ گاہ میں ڈیوٹی لگوائی ہے وہ ۲۳ دسمبر صبح دس بجے جلسہ گاہ کے گراؤنڈ میں جمع ہوجائیں۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

مسعود احمد سپشنر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا۔

# حضرت مصلح موعودؓ کے دو اہم تاریخی اور غیر مطبوعہ مکتوب

# قائداعظم محمد علی جناح صدر آل انڈیا مسلم لیگ کے نام!

آل انڈیا مسلم لیگ کی عبوری حکومت میں شمولیت کا واقعہ جو ۱۳ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو وقوع پذیر ہوا ۱۹۴۵-۴۶ء کے مرکزی اور صوبائی انتخابات کے بعد مسلمانانِ برصغیر کا سب سے بڑا معرکہ تھا۔ جس کے نتیجہ میں قائداعظم محمد علی جناح نے صرف سوا چار ماہ کے اندر اندر پاکستان کی آئینی جنگ جیت لی۔ کانگرس کا یہ دیرینہ خواب کہ وہ اپنی کثرت کے بل بوتے پر ملک کے نظامِ حکومت کو تنہا چلائے گی دھرے کا دھرا رہ گیا اور برطانوی حکومت کو بالآخر مطالبۂ پاکستان کے سامنے گھٹنے ٹیک دینا پڑے۔ فالحمد للہ

قبل ازیں لارڈ ویول وائسرائے ہند نے ۲ ستمبر ۱۹۴۶ء کو پنڈت جواہر لال نہرو صدر کانگرس کو عبوری حکومت سونپ دی تھی اور مسلم لیگ کو نظر انداز کر کے مسلمانانِ ہند کو ایک خطرناک سیاسی بحران سے دوچار کر دیا تھا جس سے بچ نکلنے کی بظاہر کوئی صورت نظر نہ آتی تھی۔ اس سراسر تاریک اور ناموافق ماحول میں حضرت مصلح موعودؓ کو بذریعہ رؤیا خبر دی گئی کہ اس مشکل کا حل براہِ راست آپ کے ساتھ بھی وابستہ ہے۔ اس انکشاف پر حضور ۲۲ ستمبر ۱۹۴۶ء کو اپنے بعض ممتاز خدام سمیت دہلی تشریف لے گئے اور ۱۳ اکتوبر کی شام تک پایۂ سلطنت ہند میں رونق افروز رہے۔ حضور نے اپنے عرصۂ قیام کے دوران ایک طرف ملک کے تمام مشہور و ممتاز سیاسی زعماء خصوصاً قائداعظم محمد علی جناح سے ملاقاتیں کیں اور دوسری طرف وائسرائے ہند سے خط و کتابت کر کے ان پر مسلم لیگ کے موقف کی معقولیت نمایاں کی اور انہیں مسلم لیگ کو حکومت میں داخلہ کی پیشکش کرنے کا قدم اٹھانے کی تحریک فرمائی۔ حضور کی شاندار مساعی اور دعاؤں کی برکت سے مسلم لیگ فاتحانہ شان کے ساتھ عبوری حکومت میں داخل ہو گئی۔ مندرجہ ذیل دونوں غیر مطبوعہ مکتوب (جن کا انگریزی متن تاریخ احمدیت کی نئی گیارھویں جلد میں شائع ہو رہا ہے) اسی اہم دَور کے یادگار ہیں اور حضرت مصلح موعودؓ کی فہم و فراست کا دائمی شاہکار!! (دوست محمد شاہد)

## پہلا خط

۸۔ پارک روڈ
نئی دہلی
۶ اکتوبر ۱۹۴۶ء

ڈیر مسٹر جناح!

السلام علیکم

مجھے یہ سُن کر بے حد مسرت ہوئی کہ آخر کار موجودہ گفت و شنید تصفیہ کے آخری مراحل میں ہے۔ اس دوران میں اس رائے پر پختگی سے قائم رہا ہوں کہ ہمیں ہرگز اپنے نصب العین کو بھولنا نہیں چاہیئے اور نہ اس کے حصول کے لئے اپنی جدوجہد ہی میں کمزوری دکھانی چاہیئے لیکن ہمہ وقت سمجھوتے کے لئے بھی تیار رہنا چاہیئے (کیونکہ اسلام ایسے موقعوں پر سمجھوتہ کرنے کی اجازت دیتا ہے) بشرطیکہ ایسا سمجھوتہ باعزت ہو اور ہمارے آگے بڑھنے کے لئے آئینی جدوجہد کا رستہ کھلا رہے۔ تاکہ ہم مستقبل میں اپنے مطمحِ نظر کے حاصل کرنے میں فائز المرام ہو سکیں۔ یہی وہ امر ہے جسے عرفِ عام میں "زیرِ احتجاج" قبول کرنا کہتے ہیں۔ چونکہ عبوری حکومت کو نیک و بد کرنے کے وسیع اختیارات دے دیئے گئے ہیں اسلئے قدرتی طور پر مجھے بے حد تشویش ہوئی کہ کوئی ایسا رستہ نکالا جائے کہ زیادہ سے زیادہ مسلمان حکومت میں شامل کئے جائیں۔ تاہم مجھے مسرت ہوئی کہ آپ نے موقع کی نزاکت کو بڑی عقلمندی اور فراست سے سنبھال لیا اور باثر دوستوں کے تعاون سے یہ ممکن ہو سکا۔

اگر کوئی مزید رکاوٹ اچانک پیدا نہ ہو گئی اور تصفیہ بالخیر طے پا گیا (جس کی ہمیں امید ہے اور میں دعاگو بھی ہوں) تو مجھے آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانی ہے کہ مسلم لیگ کی تنظیم و توسیع کی اشد ضرورت ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل پانچ امور پر اساس قائم کی جائے۔

(۱) مرکز کی تنظیم و ترتیب میں استحکام پیدا کیا جائے۔ صوبوں اور اضلاع کی تنظیم میں مضبوطی اور زیادہ سے زیادہ نیابت دی جائے۔

(۲) مستقل فنڈز قائم کرنے کی سکیم بنائی جائے۔ اور دیرپا آمد کے لئے یقینی صورت پیدا کی جائے۔

(۳) مرکز اور صوبائی سطح پر مسلم پریس کو مضبوط کیا جائے۔

(۴) لیگ کی مرکزی تنظیم کا ایسا نظام قائم کیا جائے کہ وہ مسلمانوں کو تجارت اور صنعت کے میدان میں ترقی کے مواقع بہم پہنچائے۔

(۵) غیر ممالک سے تعلقات وسیع اور استوار کئے جائیں۔

لاریب کام کرنے کا نہایت وسیع میدان موجود ہے۔ تاہم اگر اب سیدھی سادی ابتداء کی داغ بیل ڈال دی جائے تو مستقبل میں ترقی و خوشحالی مضبوط بنیادوں پر قائم ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اس تنظیم کی وسعت پذیری ایک اور رنگ میں بھی خوش آئند ہو سکتی ہے۔ وہ یہ کہ موجودہ دَور میں ایک کافی تعداد قابل اور صاحب دانش و فہم مسلمانوں کی ایسی ہے جو اسلام اور مسلمانانِ ہند کی خدمت کے لئے بطیب خاطر اور ذوق و شوق سے اپنے آپ کو پیش کر سکتے ہیں۔ اس توسیع شدہ تنظیم کو چاہیئے کہ ایسے مستعد لوگوں کو اپنے اندر جذب کرنے کے لئے دروازے کھول دے۔ ورنہ رفتہ رفتہ یہ لوگ برگشتہ ہو جائیں گے بلکہ ان میں سے بعض غیر مطمئن ہو کر شرپسندی اور فساد کا موجب بھی بن سکتے ہیں۔

میں شاید اس سے قبل آپ کو مطلع نہیں کر سکا کہ اسی روز جس دن میں نے آپ سے ملاقات کی تھی میں نے ہر ایکسی لینسی وائسرائے کو ایک خط بھجوا دیا تھا جس میں انہیں لکھا تھا کہ مسلم لیگ کے تمام مطالبات کے ساتھ مجھے اور میری جماعت کو پورا پورا تعاون اور حمایت حاصل ہے۔

آپ کا مخلص
(دستخط) (مرزا بشیر الدین محمود احمد)
(ترجمہ)

## دوسرا خط

قادیان
۲۷ اکتوبر ۱۹۴۶ء

ڈیر مسٹر ایم۔ اے۔ جناح

السلام علیکم

قلمدانِ وزارت کی نئی تشکیل کا اعلان ہو چکا ہے۔ اگرچہ ان کی تقسیم منصفانہ اور معقول نہیں ہے تاہم میں آپ کو آپ کی کامیاب مساعی پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ بعض اہم وزارتیں مثلاً دفاع، امور خارجہ، امور داخلہ وغیرہ اب بھی کانگرس کے ہاتھوں میں ہیں۔ ان میں سے خصوصاً ایک یعنی دفاع یا رسد کا محکمہ مسلم لیگ کو تفویض کرنا چاہیئے تھا تاہم مسلم لیگ کے نمائندے آپ کی ہدایت کے تابع رہیں گے اور اس وقت تک تندہی اور محنت سے کام کرتے رہیں گے جب تک کہ مسلمانوں کے حقوق کا کلی طور پر تحفظ نہیں ہو جاتا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عظیم مساعی میں برکت ڈالے اور صحیح راستہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

آپ کا مخلص
دستخط (مرزا بشیر الدین محمود احمد)
(ترجمہ)

# مغربی افریقہ کے کامیاب تبلیغی دورہ سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کی کامیاب و بامراد مراجعت

## احمدی خواتین کی مرکزی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کی طرف سے وسیع پیمانہ پر استقبالیہ تقریب کا اہتمام

## حضور ایدہ اللہ تعالیٰ اور حضرت بیگم صاحبہ کی خدمت میں پیش کئے جانیوالے سپاسنامہ کے جواب میں

## حضور کی نہایت روح پرور اور بصیرت افروز تقریر

(۱)

ربوہ ـــــ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور حضور کی حرم محترمہ حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ مدظلہا کی مغربی افریقہ کے انتہائی کامیاب تبلیغی دورہ سے نہایت درجہ کامیاب و بامراد مراجعت کے سلسلہ میں مخلص و فدائی اور ایثار پیشہ احمدی خواتین کی مرکزی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کی طرف سے ۱۲ فتح ۱۳۴۹ ہش مطابق ۱۲ دسمبر ۱۹۷۰ء بروز ہفتہ چار بجے شام دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کے احاطہ میں بہت وسیع پیمانہ پر استقبالیہ تقریب کا انعقاد عمل میں آیا۔ احمدی خواتین کی ان مرکزی تنظیموں اور تعلیمی اداروں میں لجنہ اماء اللہ مرکزیہ، لجنہ اماء اللہ ربوہ، ناصرات الاحمدیہ (ربوہ)، جامعہ نصرت برائے خواتین، نصرت گرلز ہائی سکول، نصرت انڈسٹریل سکول برائے خواتین اور فضل عمر جونیئر ماڈل سکول شامل تھے۔

یہ اپنی نوعیت کی دوسری تقریب تھی۔ قبل ازیں جماعت احمدیہ پاکستان کی مرکزی تنظیموں صدر انجمن احمدیہ، تحریک جدید، وقف جدید، فضل عمر فاؤنڈیشن، مجلس انصار اللہ مرکزیہ اور مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی طرف سے بہت وسیع پیمانہ پر ایک استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی تھی (روداد کے لئے ملاحظہ ہو الفضل بابت ۳ و ۴ نومبر ۱۹۷۰ء)

احمدی خواتین کی مرکزی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کی اس تاریخی اور یادگار تقریب میں جو ۱۲ دسمبر کو منعقد ہوئی۔ چار سو سے زائد مستورات نے شرکت کی سعادت حاصل کی۔ علاوہ ازیں ستر کے قریب جماعت کے چیدہ چیدہ احباب کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ ان کی نشست کا انتظام دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کے ایک علیحدہ پلاٹ میں (جس کے گرد قد آدم خوبصورت قناتیں لگی ہوئی تھیں) کیا گیا۔ حضور ایدہ اللہ اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی خدمت میں ایڈریس پیش ہونے اور ایڈریس کے جواب میں حضور ایدہ اللہ کی معرکۃ الآراء اور نہایت بصیرت افروز تقریر کے بعد جملہ مستورات کو حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کے ہمراہ اور مہمان مردوں کو حضور ایدہ اللہ کی معیت میں چائے نوش کرنے کا خصوصی شرف حاصل ہوا

ایڈریس کے جواب میں حضور نے جو بصیرت افروز تقریر ارشاد فرمائی اس میں اسلام کی نشاۃ اولیٰ کے دور کی طرح نشاۃ ثانیہ کے موجودہ دور میں احمدی مردوں کے پہلو بہ پہلو احمدی خواتین کی یکساں نوعیت و اہمیت کی گرانقدر قربانیوں کا ذکر فرما کر انہیں اپنی فی زمانہ اس بے مثال خصوصیت پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے اور شکر کے عملی اظہار کے طور پر نئی نسلوں کی اس رنگ میں تربیت کرنے کی تلقین فرمائی کہ ہر نئی نسل میں احمدی مرد اور احمدی خواتین اپنی اس خصوصیت کو برقرار رکھتے ہوئے غلبۂ اسلام کے لئے ایک جیسی قربانیاں کرتے چلے جائیں یعنی قربانیوں کے میدان میں نہ عورتیں مردوں سے پیچھے ہوں اور نہ مرد عورتوں سے پیچھے بلکہ سب ہی ایک دوسرے پر سبقت لے جاتے ہوئے ایک جیسی قربانیاں کرتے چلے جائیں۔ حضور نے اس ضمن میں مغربی افریقہ کی احمدی خواتین کی نہایت قابل قدر قربانیوں کا بھی ذکر فرمایا اور پاکستان کی احمدی مستورات کو توجہ دلائی کہ انہیں نہ صرف اپنے خصوصی امتیاز کو برقرار رکھنے بلکہ اپنی قربانیوں کے معیار کو اور زیادہ بلند کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے کیونکہ خدا کی کسی سے رشتہ داری نہیں ہے۔ جو بھی اس کے دین کی سربلندی کی خاطر اس کی راہ میں زیادہ ایثار دکھائے گا اور زیادہ قربانیاں کرے گا وہ یقیناً اس کے پیار اور اس کی رحمتوں اور فضلوں کو زیادہ جذب کرے گا خواہ وہ ایشیاء کا رہنے والا ہو یا افریقہ کا یا یورپ اور امریکہ کا ـــــ حضور کا یہ پُرمعارف اور بصیرت افروز خطاب قریباً پون گھنٹہ تک جاری رہا

### استقبالیہ تقریب کے انتظامات

اس تاریخی اور یادگار تقریب کو شایانِ شان طریق پر منعقد کرنے کی غرض سے حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ مدظلہا صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کی زیر ہدایت وزیر نگرانی خصوصی انتظامات کئے گئے تھے۔ آپ نے ان انتظامات کو مختلف شعبوں میں تقسیم فرما کر ان کی انچارج اور معاونین مقرر فرمائیں۔ اور پھر انہیں تفصیلی ہدایات سے نوازا

ان میں سے ایک شعبہ لجنہ اماء اللہ کے ہال اور اس کے پورے احاطہ کی سجاوٹ اور آرائش سے متعلق تھا۔ دوسرے شعبے کا تعلق مہمان خواتین کا استقبال کرنے اور انہیں مقررہ نشستوں پر بٹھانے سے تھا۔ تیسرا شعبہ دعوت چائے کے انتظام کا تھا۔ حضرت سیدہ مدظلہا نے اول الذکر دو شعبوں کا انچارج مکرمہ رضیہ درد صاحبہ اور مکرمہ حمیدہ خلیق صاحبہ آف جامعہ نصرت کو مقرر فرمایا۔ تیسرے شعبہ کا انتظام محترمہ صاحبزادی سیدہ ناصرہ بیگم صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ ربوہ کے سپرد ہوا۔ اس کام میں محترمہ صاحبزادی امۃ النصیر بیگم صاحبہ اور محترمہ صاحبزادی امۃ المتین بیگم صاحبہ ان کی معاون مقرر ہوئیں

دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کی عمارت اور ملحقہ پورے احاطہ کو جہاں یہ تقریب منعقد ہونا تھی بہت خوبصورتی اور نفاست و نظافت کے ساتھ سجایا گیا۔ دفتر لجنہ کے صدر دروازہ پر ایک بہت خوبصورت اور بلند آرائشی محراب بنوا کر اس پر سنہری حروف میں اَھْلاً وَ سَھْلاً وَ مَرْحَبًا لکھوایا گیا۔ پھر احاطہ کی اندرونی دیواروں پر سرخ بجری بچھوانے اور اس پر رولر پھروا کر پوری طرح ہموار کرنے کے علاوہ اس سارے راستہ کو جس پر سے حضور ایدہ اللہ اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی موٹر کار گذر کر لجنہ ہال تک آنی تھی رنگ برنگ کی جھنڈیوں اور خیر مقدمی قطعات سے سجانے کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ اسی طرح لجنہ ہال اور اس سے ملحق شامیانوں سے تیار کردہ پنڈال کی سجاوٹ بھی قابل دید تھی۔ نیز لجنہ ہال کی پوری عمارت اور اس کے مختلف باغیچوں کے درختوں اور باڑ نما سرسبز پودوں پر بجلی کے رنگ برنگ قمقموں سے چراغاں کا بھی خاص اہتمام تھا۔ الغرض لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کا دفتر لجنہ ہال اور اس کا پورا احاطہ اپنی سج دھج اور کمال درجہ خوبصورت سجاوٹ کی وجہ سے عجیب دلکش منظر پیش کر رہا تھا۔ رات کو لجنہ کے مرکزی دفاتر اور ہال پر چراغاں کا منظر بھی کچھ کم خوبصورت اور دلکش نہ تھا

### مدعوین اور انکی نشست کا اہتمام

اس تقریب میں احمدی خواتین کی ان تنظیموں کی عہدیداران تعلیمی اداروں کی ممبرات اسٹاف بطور میزبان شریک ہوئیں ان کے علاوہ خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خواتین مبارکہ ربوہ کے ہر محلہ کی لجنہ کی عہدیداران نیز تعلیمی اداروں کی ہر کلاس کی نمائندہ طالبات اور علی الخصوص مغربی افریقہ کے مبلغین کی بیگمات کو خاص طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ الغرض مستورات کے ہر طبقہ کی نمائندگی کا خاص اہتمام تھا اس طرح مجموعی طور پر سوا چار سو مستورات کو اس تقریب میں شرکت کی سعادت حاصل ہوئی۔

حضور ایدہ اللہ کے ساتھ چائے کی دعوت میں شریک ہونے کے لئے جن ستر اصحاب کو مدعو کیا گیا تھا اور جن کی نشست کا قد آدم قناتوں سے گھرے ہوئے گھاس کے ایک علیحدہ قطعہ میں انتظام تھا ان میں خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعض افراد صدر انجمن احمدیہ اور تحریک جدید کے ناظر و وکلاء صاحبان، وقف جدید کے ناظمین صاحبان، فضل عمر فاؤنڈیشن کے سیکرٹری صاحب، چیئرمین صاحب ٹاؤن کمیٹی ربوہ، مجالس انصار اللہ و خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے صدر صاحبان کرام مردوں کے تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان اور مبلغین مغربی افریقہ شامل تھے۔ محترم جناب مرزا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ امیر جماعتہائے احمدیہ صوبہ پنجاب بھی خاص دعوت پر سرگودھا سے تشریف لا کر اس تقریب میں شریک ہوئے۔ ان سب اصحاب کی نشست اور دعوت چائے کا اہتمام میزبان

تنظیموں اور اداروں کی طرف سے محترم بیگم محمود احمد صاحب ناصر نے کیا اور اس کام میں خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعض نوعمر نونہالوں نے ان کا ہاتھ بٹایا لاؤڈ سپیکر کے انتظام کو مردوں کے احاطہ تک وسیع کر کے اس امر کا اہتمام کیا گیا تھا کہ حضور ایدہ اللہ کی تقریر سے وہ بھی مستفیض ہو سکیں۔ چنانچہ جونہی حضور کی تقریر شروع ہوئی اس احاطہ کے لاؤڈ سپیکر کو بھی چالو کر دیا گیا۔

## تقریب کا آغاز اور مختصر روداد

چار بجے شام تک جب جملہ مہمان خواتین لجنہ ہال میں اور مہمان اصحاب اپنے مقررہ احاطہ میں اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھ گئے تو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ اور حضرت بیگم صاحبہ کے تشریف لانے پر کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ چنانچہ امتیاز بیگم صاحبہ بی اے نے سورۃ الفتح کے آخری رکوع کی تلاوت کی۔ تلاوت کے بعد امۃ الکریم کوکب صاحبہ بنت محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب نے ایک استقبالیہ نظم پڑھ کر سنائی جس کا پہلا شعر تھا

؎ شکر صد شکر جماعت کا امام آتا ہے
للہ الحمد کہ بانیلِ مرام آتا ہے

بعدہٗ محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس بیگم صاحبہ سیکرٹری ناصرات لجنہ اماء اللہ مرکزیہ نے احمدی خواتین کی مذکورہ بالا مرکزی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کی طرف سے حضور ایدہ اللہ اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی خدمت میں ایڈریس پیش کیا جس میں حضور ایدہ اللہ کے نہایت کامیاب دورۂ مغربی افریقہ، غلبۂ اسلام کے ضمن میں اس کی بے انداز اہمیت اور اس تعلق میں اللہ تعالیٰ کی غیر معمولی تائید و نصرت اور عظیم الشان فتوحات کے ظہور پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے انتہائی گہرے جذبات عقیدت، غلبۂ اسلام کے لئے جذبہ خدمت و فدائیت اور دلی مسرت کا اظہار کیا گیا۔

ایڈریس کے جواب میں حضور ایدہ اللہ نے ایک معرکۃ الآراء اور بصیرت افروز تقریر ارشاد فرمائی۔

باقی

# وقفِ جدید کے نئے مراکز

جلسہ سالانہ کے معاً بعد آئندہ سال کے لئے معلمین کی تقرریوں اور تبدیلیوں وغیرہ پر غور کیا جائیگا۔ ایسی تمام جماعتیں جو اپنے ہاں وقف جدید کا مرکز قائم کرنا چاہتی ہیں وہ مہربانی فرما کر جلد از جلد اپنے کوائف سے مطلع کریں ورنہ سال کے دوران میں ایسی درخواستوں پر غور بہت مشکل ہوتا ہے۔

مرکز وقف جدید کھولنے کے استحقاق کے لئے مندرجہ ذیل امور مدنظر رکھے جاتے ہیں:۔

**وقف زمین:۔** حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے ارشاد کے مطابق جو دیہات دس ایکڑ زمین بطور مدد وقف کریں گے اُن کا حق بہرحال مقدم سمجھا جائیگا۔ اس میں ایسی زمین شمار نہیں ہوگی جو بنجر اور بے کار ہو۔

**۲۔ عارضی مراکز:۔** اگر زمین وقف نہ ہو سکے تو جو دیہات سالانہ چندہ وقف جدید کے علاوہ قیام مراکز کے سلسلہ میں اوسطاً دس ایکڑ زمین کی آمد کے لگ بھگ دینے کا وعدہ کریں اُن کے ہاں بھی عارضی مرکز کھولا جا سکتا ہے۔ جب تک کہ وہ یہ سالانہ رقم ادا کرتے رہیں۔

۳۔ ایسی جماعتیں جو نامساعد حالات کی وجہ سے مرکز کے قیام کے لئے کچھ بھی ادا نہیں کر سکتیں مگر تربیت یا ارشاد کے لحاظ سے غیر معمولی توجہ کے مستحق ہیں اُن کو بھی حسبِ توفیق مدنظر رکھا جاتا ہے۔

۴۔ ایسی جماعت جو نئی قائم ہوئی ہو اور احمدیت کے رنگ میں صحیح تربیت کی محتاج ہو وہاں بھی ابتدائی عرصہ کے لئے مرکز کھولا جا سکتا ہے۔

پس ان امور کو مدنظر رکھتے ہوئے امراء و صدر صاحبان اپنے مطالبات ارسال فرمائیں۔

(ناظم ارشاد وقف جدید انجمن احمدیہ ربوہ)

# بچوں کا چندہ وقفِ جدید بالغاں کے چندہ میں ہرگز مدغم نہ کیا جائے

بعض احباب اور عہدیداران جماعت نے چندہ اطفال وقف جدید کی اہمیت کو ابھی تک پورے طور پر نہیں سمجھا۔ حالانکہ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے چندہ مذکور کے پیش نظر اس کا علیحدہ شعبہ یعنی "دفتر اطفال وقف جدید" قائم فرمایا ہے۔

بدیں صورت یہ امر نہایت لازمی اور ضروری ہے کہ نہ صرف بچوں کے وعدہ جات ہی "چندہ وقف جدید اطفال" کی صورت میں علیحدہ طور پر نام بنام بھجوائے جائیں۔ بلکہ وصول شدہ رقم بھی علیحدہ طور پر داخل خزانہ کرائی جائے اور اس کی اسماء تفصیل سے بھی دفتر ہذا کو مطلع فرمایا جائے تاکہ مرکز میں پورے طور پر ریکارڈ رکھا جا سکے۔

اس طریق عمل سے ہمارے ننھے منے بچوں میں بھی چندہ وقف جدید کے بارہ میں ایک نیا جوش اور ولولہ پیدا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالے۔

ناظم مال وقف جدید

# مکرم بابا محمد اسماعیل صاحب درویش وفات پا گئے

## انا للہ وانا الیہ راجعون

محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ قادیان نے بذریعہ تار اطلاع دی ہے کہ مکرم بابا محمد اسمٰعیل درویش قادیان ۸ دسمبر ۱۹۷۱ء لمبی بیماری کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کا درویشی زمانہ ۱۹۴۷ء سے شروع ہوتا ہے۔ انہوں نے گذشتہ بائیس سال کا طویل عرصہ نہایت صبر و تحمل اور اخلاص و وفاداری کے ساتھ گذارا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ان کی اس خدمت کو قبول فرمائے اور اپنی قربت سے نوازے۔ احباب ان کی بلندیٔ درجات کے لئے دعا فرمائیں۔

(ناظر خدمت درویشاں)

# ضروری اعلان

"دفتر مجلس نصرت جہاں جلسہ سالانہ کے موقعہ پر ڈاکٹروں اور ٹیچروں کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے منصوبہ "آگے بڑھو" (LEAP FORWARD Project) کے متعلق معلومات بہم پہنچانے کے لئے صبح ۸ بجے سے ۱۰ بجے تک اور شام ۵ بجے تا ۱۰ بجے تک کھلا رہے گا۔ دفتر احاطہ پرائیویٹ سیکرٹری میں ہے۔"

اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو آمین

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں)

**ماہ بماہ لازمی چندہ جات کی ادائیگی فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔** (ناظر بیت المال ربوہ)

# جلسہ سالانہ کے موقع پر عارضی دوکانوں کے متعلق ضروری اعلان

۱۔ ہر شخص کے لئے ضروری ہوگا کہ اگر وہ جلسہ سالانہ کے موقع پر دوکان کرنا چاہے تو پہلے نظارت امور عامہ سے اجازت حاصل کرے۔

۲ کسی دوکاندار کو سگریٹ فروخت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

۳ نظارت امور عامہ یہ حق محفوظ رکھتی ہے کہ بغیر وجہ بتائے کسی کو اجازت نامہ جاری نہ کرے۔ یا جاری شدہ اجازت نامہ منسوخ کر دے۔

۴ جلسہ کے موقع پر کسی دوکاندار کو پٹاخے۔ گیس والے غبارے فروخت کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ اگر کوئی شخص اس کے باوجود ایسی اشیاء فروخت کرے گا تو اس کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی۔

(ناظر امور عامہ)

# شرح بخاری شریف کی گیارہویں و بارہویں جلد

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں :-

"تیسرا ذریعہ ہدایت کا حدیث ہے۔ کیونکہ بہت سے اسلام کے تاریخی، اخلاقی اور فقہ کے امور کو حدیثیں کھول کر بیان کرتی ہیں۔ اور نیز بڑا فائدہ حدیث کا یہ ہے کہ وہ قرآن کی خادم اور سنت کی خادم ہے۔"

کتب احادیث میں سے اول نمبر پر جامع صحیح مسند بخاری ہے اس کی شرح کے لئے حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب کو مقرر فرمایا تھا حضرت شاہ صاحب مرحوم نے بخاری شریف کی جو شرح کی اس کی دس جلدیں پہلے شائع ہو چکی ہیں اب گیارہویں اور بارہویں جلد شائع ہو گئی ہے۔ عمدہ لکھائی۔ عمدہ چھپائی۔ اصل لاگت پر دوستوں کو دی جائے گی۔ ہر دو جلد کی قیمت صرف آٹھ روپے۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔

ادارۃ المصنفین سے طلب فرمائیں۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر ہر کتب فروش سے مل سکے گی۔

**ادارۃ المصنفین ربوہ**

# چندہ وقف جدید اور ناصرات الاحمدیہ

وقف جدید کا مالی سال ۳۱ دسمبر کو ختم ہو جائے گا۔ صرف چند دن رہ گئے ہیں۔ ناصرات الاحمدیہ اور اطفال الاحمدیہ کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پچاس ہزار روپے جمع کرنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ اس لئے تمام لجنات کوشش کریں کہ جلسہ سالانہ پر آتے ہوئے بچیوں سے چندہ وقف جدید جمع کر کے ساتھ لے آئیں اور فوری طور پر ۳۱ دسمبر سے قبل جمع کروا دیں خصوصاً وہ لجنات جن کی طرف سے ابھی چندہ نہیں آیا یا کم آیا ہے۔ نیز اس بات کا خیال رکھیں کہ چندہ وقف جدید کا ذکر الگ کیا کریں اس کی علیحدہ مد ہے اور ناصرات الاحمدیہ سے چندہ وقف جدید کا ذکر الگ کیا کریں۔

(مریم صدیقہ صدر لجنہ مرکزیہ)


## تعارف

میں نے جالپ میڈیکل ہال کے نام سے مسجد اقصیٰ روڈ ربوہ متصل مبارک ٹی سٹال انگریزی ادویات کی دوکان شروع کی ہے۔ احباب ادویات طبی امداد ۲۴ گھنٹے حاصل کر سکتے ہیں۔

راجہ محمد مرزا خان ریٹائرڈ صوبیدار A.M.C


# وقف جدید کی مندرجہ ذیل رقوم بالتفصیل موصول ہوئی ہیں ان کی تفصیل روانہ فرماویں

| نام جماعت | رقم | کوپن نمبر | تاریخ |
|---|---|---|---|
| گورنجش پورہ ضلع گجرات | ۱۲/- | ۲۰۳۲۰ | ۲۶-۸-۷۰ |
| کھون ضلع جہلم | ۱۴/- | ۲۰۱۵۲ | ۲۳-۸-۷۰ |
| کھیرہ باجوہ ضلع سیالکوٹ | ۱۲/- | ۲۰۱۵۴ | " |
| سادھوکے ضلع گوجرانوالہ | ۱۵/- | ۲۰۱۵۶ | " |
| چک ۲۷۵ R.B مقامہ پور ضلع لائل پور | ۱۶/- | ۲۰۰۷۰ | ۲۰-۸-۷۰ |
| کوٹ کوڑا ضلع سیالکوٹ | ۱۸/- | ۲۰۰۰۵ | ۱۹-۸-۷۰ |
| کمول شہر ضلع سکھر | ۱۸/- | ۲۰۰۱۵ | " |
| تاندلیانوالہ ، لائل پور | ۱۲/- | ۲۰۰۲۳ | " |
| پیلووینس ، سرگودھا | ۱۸/- | ۲۰۰۳۸ | " |
| ننکانہ صاحب ، شیخوپورہ | ۲۶/۵۰ | ۱۹۶۱۱ | ۱۰-۸-۷۰ |
| " " " " | ۲۸/۵۰ | ۱۱۷۲۱ | ۱۹-۱-۷۰ |
| ذاتہ زیدکا ، سیالکوٹ | ۵۴/- | ۱۹۳۶۷ | ۵-۸-۷۰ |
| " " " " | ۱۰۱/- | ۱۱۶۰۵ | ۱۷-۱-۷۰ |
| رحیم یار خاں شہر | ۳۳/۵۰ | ۱۹۳۳۵ | ۳-۸-۷۰ |
| چک نمبر ۲ بستی شادی ضلع رحیم یار خاں | ۵۰/- | ۱۹۰۸۵ | ۲۸-۷-۷۰ |
| چک ۵۵،۵۶ ضلع لائل پور | ۱۶/- | ۱۸۹۵۰ | ۲۷-۷-۷۰ |
| پتوکی " لاہور | ۱۰/- | ۲۸۲۶۴ | ۲۶-۷-۷۰ |
| شیرو کے ، شیخوپورہ | ۱۶/- | ۱۸۷۱۹ | ۱۹-۷-۷۰ |
| ظفروال ضلع سیالکوٹ | ۲۹/- | ۱۸۶۴۱ | ۱۵-۷-۷۰ |
| نوشاب ، سرگودھا | ۲۷/۲۵ | ۲۷۸۶۹ | ۱۳-۷-۷۰ |
| وہاڑی منڈی ، ملتان | ۴۹۶/- | ۲۰۱۲۶ | ۲۲-۸-۷۰ |
| " " " " | ۹۰/- | ۱۴۵۰۸ | ۲۹-۳-۷۰ |
| حلقہ ماڈل ٹاؤن لاہور | ۱۸۸/۶۶ | ۱۲۳۹۶ | ۹-۲-۷۰ |
| حلقہ سنت نگر لاہور | ۹/۵۰ | ۱۸۹۶۶ | ۲۸-۷-۷۰ |
| " " " " | ۱۵/۵۰ | ۱۷۲۲۸ | ۴-۶-۷۰ |
| " " " " | ۴۸/- | ۱۲۶۱۲ | ۷-۲-۷۰ |
| ڈسکہ ضلع سیالکوٹ | ۱۵/۲۵ | ۱۸۶۲۵ | ۱۴-۷-۷۰ |
| " " " " | ۶۴/- | ۱۲۶۰۹ | ۱۱-۲-۷۰ |
| " " " " | ۱۲۲/۵۰ | ۱۳۰۲۳ | ۲۸-۲-۷۰ |
| ٹیکلہ ، راولپنڈی | ۲۷/- | ۱۹۳۳۶ | ۳-۸-۷۰ |
| " " " | ۶/- | ۱۷۰۴۷ | ۲۷-۵-۷۰ |
| احمد نگر ، جھنگ | ۸۱/۵۰ | ۲۸۳۱۷ | ۲۸-۷-۷۰ |
| چک ۳۵ شمالی سرگودھا | ۱۶/- | ۱۸۶۹۶ | ۱۹-۷-۷۰ |
| لیہ ، مظفر گڑھ | ۳۱/- | ۲۶۶۴۹ | ۱۴-۶-۷۰ |
| چک ۶۹ گھسیٹ پورہ ضلع لائل پور | ۳۲/- | ۱۷۳۷۱ | ۱۰-۶-۷۰ |

(ناظم مال وقف جدید)

## برائے توجہ لجنات اماء اللہ

جلسہ سالانہ پر آنے والی مستورات اپنے ہمراہ ایک پلیٹ گلاس اور بالٹی لائیں۔ (آفس سیکرٹری لجنہ مرکزیہ)


**تاریخ احمدیت کا سلسلہ تصنیف حضرت مصلح موعودؓ کے مقدس ہاتھوں کا لگایا ہوا پودا ہے جس کی آبیاری اور سرپرستی کرنا آپ کا اولین قومی فرض ہے**

(ادارۃ المصنفین ربوہ)

# اعلان نکاح

عزیزہ مبشرہ احمد صاحب طارق ابن ملک لعل دین صاحب صحابی ساکن کھارویاں کا عقد مکرمی ٹھیکہ دار عبدالرزاق صاحب ساکن محلہ دارالصدر غربی ربوہ کی صاحبزادی امۃ النصیر صاحبہ کے ساتھ مورخہ ۲۹/۷ کو محترم مولانا ابوالعطاء صاحب فاضل جالندھری نے ٹھیکہ دار صاحب کے مکان پر پڑھا۔ احباب دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ یہ عقد ہر لحاظ سے مبارک فرمائے۔ (قریشی محمد حنیف قمر علوی سائیکل سیاح ربوہ)

# درخواست ہائے دعا

خاکسار کچھ عرصہ سے بعض مشکلات اور کاروباری پریشانیوں میں مبتلا ہے۔ احباب جماعت دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ میری مشکلات اور پریشانیوں کو دور فرمائے۔

(ملک بقاء الدین عبدالحکیم ضلع ملتان)

۲ بندہ عرصہ چھ ماہ سے بعارضہ قلب بیمار ہے چند یوم سے تکلیف بڑھ گئی ہے کامل و عاجل شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ (غلام سرور پٹواری گھمن والا ضلع گوجرانوالہ)

(۳) خاکسار کو کئی سال سے پیٹ درد کی تکلیف ہے علاج معالجہ کے باوجود افاقہ نہیں ہوا دوست دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ صحت کاملہ عطا فرمائے۔

۴۔ ہماری جماعت کے ایک مخلص نوجوان مکرم نذیر احمد صاحب بھٹی کی اہلیہ صاحبہ بعارضہ فالج بیمار ہیں ان کی صحت کاملہ دعا عاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مبارک احمد ظفر ترگڑی ضلع گوجرانوالہ

۵ سید عبدالشکور صاحب آف کھپلو غیر معمولی نکسیر پھوٹ پڑنے کی وجہ سے بیمار ہیں کمزوری بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ احباب ان کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا فرمائیں۔

مرزا غلام نبی سیالکوٹ شہر


مکرم قریشی محمد حنیف صاحب قمر علوی سائیکل سیاح تحریر فرماتے ہیں "میری بیٹی جوڑوں اور اعصاب کے دردوں سے بیمار تھی میں نے پیشنٹ کیور PRINS CURE کا ایک کورس استعمال کروایا۔ خدا کے فضل سے اسی دوا کے چار کیپسولز سے ہی مکمل آرام آگیا"

قیمت فی کورس دس روپے

تفصیلی رسالہ کیور ٹیوسٹم مفت طلب فرمائیں

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ربوہ

**بواسیر** کی حیرت انگیز دوا پائلز کیور استعمال کرنے کے بعد مکرم میجر نذیر احمد صاحب محلہ دارالصدر غربی ربوہ تحریر فرماتے ہیں بواسیر خونی سے کئی سال مریض تھا بہت سی دوائیاں استعمال کیں مگر فائدہ نہ ہوا آخر صرف دس روپے میں دوا خریدی۔ طریقہ استعمال کے مطابق استعمال کی مجھے بالکل آرام آگیا اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مجھے یہ بیماری کبھی ہوئی ہی نہ تھی دوا کیا تھی گویا اس موذی مرض کے لئے **ایٹم بم** تھا مکمل کورس دس روپے۔ مزید ادویات اور معلومات کے لئے رسالہ کیور ٹیوسٹم مفت طلب فرمائیں

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ربوہ

## نبراس المومنین

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سو احادیث کا مجموعہ جسے بطور نصاب مقرر کیا گیا ہے نایاب تھا اب طبع ہو گیا ہے۔ یہ دسویں ایڈیشن ہے سفید کاغذ ہے۔

قیمت صرف پچاس پیسے

منیجر

**مکتبہ الفرقان ربوہ**

## تنویر القلوب حصہ دوم

محترم جناب مرزا عبدالحق صاحب صوبائی امیر سرگودھا کی تقاریر اور مضامین کا موثر مجموعہ ہے۔ نہایت عمدہ سفید کاغذ پر طبع ہوا ۳۸۶ صفحات عمدہ جلد کے ساتھ۔ قیمت ساڑھے تین روپے۔

ملنے کا پتہ **مکتبہ الفرقان ربوہ**

جلسہ سالانہ کے ایام میں ہر کتب فروش سے طلب فرمائیں۔


# تفسیر سورہ البقرہ بیان فرمودہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے
اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

اس زمانہ میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے علم پا کر قرآن مجید کی تفسیر کی ہے وہ ہر عاشق قرآن کے لئے بے بہا خزانہ ہے۔ پچھلے سال ادارۃ المصنفین نے تفسیر سورہ فاتحہ بیان فرمودہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام شائع کی تھی جسے احباب نے بہت پسند کیا۔ امسال جلسہ سالانہ کے موقعہ پر تفسیر سورہ البقرہ بیان فرمودہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام شائع کی جا رہی ہے۔ حضرت اقدس نے سورہ بقرہ کی جن آیات کی تفسیر فرمائی ہے وہ سب یکجا کر دی گئی ہیں۔ حجم چار صد صفحات ۲۶×۲۰ مجلد۔ آفسٹ کی خوبصورت طباعت قیمت صرف دس روپے۔ اصل لاگت پر دی جا رہی ہے۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر ہر ایک بک سٹال سے مل سکے گی۔

مینجنگ ڈائریکٹر ادارۃ المصنفین ربوہ


# پوسٹ آفس سیونگ بینک میں تشریف لائیے




# جو فائدے یہاں ہیں وہ کہیں نہیں

چار اہم خصوصیات جن کی بنا پر
پوسٹ آفس سیونگ بینک کو ترجیح دینی چاہئے

- یہاں منافع کی شرح سب سے زیادہ ہے:-
  سیونگ اکاؤنٹ پر ۵½ فیصد
  ایک، دو اور تین سال کے میعادی کھاتے پر علی الترتیب ۶، ۶½ اور ۷ فیصد
  سات سال کیلئے جمع کی جانے والی رقموں پر ۱۴ فیصد سے زائد منافع
- تمام منافع انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہے۔
- صرف دو روپے کی معمولی رقم سے حساب کھولا جا سکتا ہے۔
- یہ آپ کی جانی پہچانی جگہ ہے اور آپ سے قریب

پوسٹ آفس سیونگ بینک

جاری کردہ:- سنٹرل ڈائریکٹریٹ آف نیشنل سیونگز۔ اسلام آباد

Adarts

**مردانہ طاقت کیلئے** زد جام عشق - شباب آور موتی - حب نشاط - سونے چاندی کی گولیاں - قرص نور

کورس ۲۵ روپیہ ، کورس ۲۰ روپیہ ، کورس ۱۰ روپیہ ، کورس ۲۵ روپیہ ، کورس ۵ روپیہ

**ناصر دواخانہ** گولبازار ربوہ - فون ۳۴ گول کچہری بازار لائلپور فون ۲۰۵۴



ماہنامہ خالد کے

# دورۂ مغربی افریقہ نمبر

کا

## دوسرا ایڈیشن

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مغربی افریقہ کے چھ ممالک کے نہایت کامیاب دورہ کے تمام اہم کوائف اور ایمان افروز تفصیلات اور تصاویر سے مزین ماہنامہ خالد کے دورۂ مغربی افریقہ نمبر کا

دوسرا ایڈیشن

شائع ہوگیا ہے۔ جو جلسہ سالانہ کے ایام میں دفتر خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ سے

**دو روپے**

میں مل سکتا ہے۔ احباب کرام جلد خرید کر فائدہ اٹھائیں۔ کیونکہ بہت تھوڑی تعداد میں کاپیاں رہ گئی ہیں۔

(مینیجر ماہنامہ خالد ربوہ)



## المنار دواخانہ کی مشہور دوائیں

- تریاق سلیمانی۔ امراض معدہ کیلئے ۶/-
- زد جام عشق۔ طاقت کیلئے ۲۰/-
- معجون فلاسفہ۔ کمر اور گردوں کو طاقت دیتا ہے اور کثرت پیشاب دور کرتا ہے۔ فی پاؤ ۵/-
- حب مقوی اعصاب۔ فی کورس ۴/-
- حب اکسیر اٹھرا۔ مکمل کورس ۲۰/-
- حب نور چشم۔ اولاد نرینہ کیلئے ۱۹/-
- شانتی کیپسول۔ مولد خون۔ مقوی دماغ۔ دوران حمل ماں اور بچہ کی صحت برقرار رکھنے میں ہر وقت قابل استعمال ۷/۵۰
- منسوم کا رڈیل۔ لیکوریا۔ بیقاعدگی ایام۔ کم زیادہ یا تکلیف سے آنا اور بانجھ پن کا بفضل تعالیٰ شافی علاج فی بوتل ۵/-
- منسوپین بیقاعدگی اور کمی خون کیلئے ۳/-
- فرگرنٹ انٹی پمپل کریم ۳/-
- انٹی پمپل ٹیبلٹ ۲/-
- نور لوشن چہرہ کی خوبصورتی کیلئے ۱/۲۵
- کاجل نور چشم۔ خالص جوہر ۱/۲۵
- سرمہ حمید۔ ابتدائے موتیا۔ ککرے دور کرکے نظر کو تیز کرتا ہے۔
- منجن سلطانی۔ دانت مضبوط کرتا ہے۔ ۲/-
- دگرو جن۔ موسم سرما کا لاجواب ٹانک ۵/۵۰

فہرست ادویات خط لکھ کر منگوائیں!

**المنار دواخانہ۔ ربوہ**



## سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی تصدیق

"آپ کی دوائی روح نشاط میرے استعمال میں رہی ہے اور میں نے اسے بے حد مفید پایا ہے۔ جب کثرت کار کی وجہ سے دماغ تھکا ہوا ہو تو "روح نشاط" دل کو فرحت دینے اور تر و تازہ کرنے میں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔" قیمت ایک پاؤ بتیس روپے۔ نصف پاؤ گیارہ روپے۔ ایک چھٹانک چھ روپے۔ فہرست ادویہ کارڈ آنے پر مفت ارسال ہوگی۔

**مینیجر طبیہ عجائب گھر ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ**


## الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ کا سالانہ اجلاس عام

مورخہ ۲۹ دسمبر ۱۹۷۰ء بوقت ۱۱ بجے صبح دفتر الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ میں منعقد ہوگا۔ تمام حصہ داران سے شرکت کی درخواست ہے۔

ایجنڈا حسب ذیل ہے:-

### ایجنڈا

۱- سالانہ حسابات نفع و نقصان بیلنس شیٹ بابت سال مختتمہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۷۰ء

۲- انتخاب ڈائریکٹران کمیٹی برائے سال آئندہ۔

۳- انتخاب آڈیٹر برائے سال آئندہ۔

۴- کوئی اور تجویز جو ممبر پیش کرنا چاہیں۔

خاکسار ظہور احمد باجوہ

چیئرمین الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ۔ ربوہ


## اعلان برائے توجہ لجنات اماء اللہ

ہر لجنہ آتے وقت اپنی تعداد کے مطابق ٹوکریاں اور دسترخوان لیتی آویں۔

(آفس سیکرٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)



## مقوی دماغ

دماغی کام کرنیوالوں کیلئے تحفہ ۵/-

سرو لیشی

نوجوانوں کی صحت کا محافظ ۸/-

شیزول

نوجوانوں کی بے شمار بیماریوں کی دوا ۶/-

شہزین

مرض اٹھرا کی معتدل پڑیاں ۶/-

حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ

فون ۴۸۴۴



## نور کاجل

ربوہ کا مشہور عالم تحفہ

آنکھوں کی خوبصورتی، صحت و صفائی کے لئے بہترین تحفہ

مردوں عورتوں سب کے لئے مفید ہے

قیمت سوا روپیہ

خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ

فون ۳۸



## دکانیں برائے فروخت

رحمت بازار ربوہ میں دو عدد دکانیں جن کے عقبی حصہ میں سٹور اور صحن کی بنیادیں بھی تیار ہیں فروخت کے لئے موجود ہیں۔ مرکز سلسلہ میں کاروبار کرنیوالے حضرات کے لئے نادر موقع ہے۔ دکانیں اسوقت کرایہ پر چڑھی ہوئی ہیں اور آئندہ مزید کرایہ بڑھنے کی قوی امید ہے خواہشمند احباب مندرجہ ذیل پتہ پر ملیں یا خط و کتابت کریں۔

خواجہ محمد شریف

مالک خواجہ ریسٹورنٹ گولبازار ربوہ



## مایوس اور لاعلاج مریضوں کیلئے

- نیوپاٹلز کورس۔ بواسیر خونی و بادی کیلئے ۸/-
- نیوپینز کورس۔ جوڑوں کے دردوں کیلئے ۵/-
- فیملی ٹانک۔ تمام نسوانی امراض کیلئے ۱۶/-
- شفا بے بی ٹانک۔ کمزور اور سوکھے بچوں کیلئے ۲/۵۰
- سپیشل ڈراپس۔ خاص مردانہ طاقت کیلئے ۶/-
- پائیوریا کیور۔ پائیوریا کے لئے ۴/-
- ٹوتھلین۔ شدید دانت درد کیلئے ۱/۷۵
- شفائے اپھارہ۔ جانوروں کے ہلک اپھارہ کیلئے ۱/۷۵

مفرد اور مرکب ہومیوپیتھک ادویات کا معلوماتی کتابچہ ۲ پیسے میں طلب کریں

**شاہ ہومیوپیتھک اسٹورز اینڈ ہسپتال رحمت بازار ربوہ**



## ضروری اعلان

خریداران الفضل کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ جلسہ سالانہ کے ایام میں دفتر الفضل جلسہ گاہ میں منتقل ہو رہا ہے۔ خریدار احباب متعلقہ امور کے سلسلہ میں جلسہ کے دوران وہاں تشریف لائیں چٹ نمبر ہمراہ لائیں۔ (مینیجر الفضل)



ہومیو پیتھک ادویات کیلئے ہومیو پیتھک ادویات کیلئے

بالکل نیا تحفہ

## کاجل نور بصر آزمائیے!

تیار کردہ

دواخانہ خدمت خلق ربوہ



**اکسیر نزلہ** پرانے نزلہ کو جڑ سے اکھاڑ دینے والی دوائی۔ قیمت ۶۰ گولی دو روپے

**حب بواسیر** خونی بواسیر کے لئے بے حد مفید۔ قیمت ۶۰ گولی دو روپے

تیار کردہ:- دواخانہ خدمت خلق۔ ربوہ

# جلسہ سالانہ ۱۹۷۰ء پر جماعتی ملاقات کا پروگرام

| تاریخ | وقت | نام جماعتہائے | عرصہ ملاقات |
|---|---|---|---|
| ۲۶/۱۲/۷۰ | ۸-۰۰ صبح | لاہور شہر و ضلع | ۶۰ منٹ |
| " | | کیمبل پور شہر و ضلع | ۵ " |
| " | ۷-۳۰ شام | گجرات شہر و ضلع | ۴۵ " |
| " | " | میانوالی شہر و ضلع | ۵ " |
| " | " | پشاور و ڈیرہ اسمٰعیل خاں ڈویژن | ۴۵ " |
| " | " | جہلم شہر و ضلع | ۱۰ " |
| " | " | ڈیرہ غازی خاں شہر و ضلع | ۱۰ " |
| " | " | ساہیوال شہر و ضلع | ۲۵ " |
| ۲۷/۱۲/۷۰ | ۸-۰۰ صبح | ملتان شہر و ضلع | ۴۵ " |
| " | " | راولپنڈی شہر و ضلع | ۴۵ " |
| " | ۷-۳۰ شام | سیالکوٹ شہر و ضلع | ۸۰ " |
| " | | بیعت | ۱۰ " |
| " | " | گوجرانوالہ شہر و ضلع | ۵۰ " |
| ۲۸/۱۲/۷۰ | ۸-۰۰ صبح | حیدرآباد و خیرپور ڈویژن | ۴۵ " |
| " | " | کراچی | ۳۵ " |
| " | " | آزاد کشمیر | ۱۰ " |
| " | ۷-۳۰ شام | کوئٹہ۔ بلوچستان | ۱۵ " |
| " | " | بہاولپور ڈویژن ہر سہ اضلاع | ۳۵ " |
| " | " | بیعت | ۱۰ " |
| " | " | جھنگ شہر و ضلع | ۱۵ " |
| " | " | شیخوپورہ شہر و ضلع | ۳۰ " |
| " | " | مظفر گڑھ شہر و ضلع | ۱۰ " |
| ۲۹/۱۲/۷۰ | ۹-۰۰ صبح | سرگودھا شہر و ضلع | ۵۰ " |
| " | " | بیعت | ۱۰ " |
| " | " | لائل پور شہر و ضلع | ۶۰ " |
| " | " | مشرقی پاکستان | ۱۰ " |
| " | " | بیرون ممالک | ۱۰ " |
| " | " | ہندوستان ماسوائے قادیان قادیان | ۳۰ " |

(پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ)

# جلسہ سالانہ کے ایام میں درسِ قرآن اور باجماعت نمازِ تہجد کا انتظام

احباب کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حسب سابق جلسہ سالانہ کے ایام میں ۲۶-۲۷-۲۸ فتح مطابق ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر ۱۹۷۰ء کو مسجد مبارک میں درس قرآن کریم اور باجماعت نماز تہجد کا انتظام کیا گیا ہے۔ ۴½ بجے نماز تہجد کھڑی ہوا کرے گی۔ اور نماز فجر کے بعد درس قرآن کریم ہوا کرے گا۔ احباب استفادہ فرمائیں۔

(ناظر اصلاح و ارشاد)

# ایم۔ اے عربی تعلیم الاسلام کالج ربوہ کا شاندار نتیجہ

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس کے فضل و کرم سے ہمارے کالج کے ایم۔ اے عربی فائنل کا نتیجہ ۱۰۰ فیصدی رہا ہے۔ پانچ طالبات تھیں جو سب کی سب فرسٹ ڈویژن میں کامیاب ہوئی ہیں۔ کالج اپنی ان تمام عزیزات کو اس کامیابی پر مبارکباد دیتا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ کامیابی ان کے لئے اور سلسلہ کے لئے مثمر ثمراتِ حسنہ کرے اور ہم سب کو اپنی رضا کی راہوں پر چلنے کی اپنے فضل سے توفیق دے۔

نتیجہ کی تفصیل یہ ہے:-

۱- عزیزہ امۃ النور بنت مکرم ابو المنیر نور الحق صاحب ۴۸۳/۷۰۰ فرسٹ ڈویژن
۲- " نصرت تنویر ہمشیرہ مکرم شیخ عبد الخالق صاحب الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ ۴۷۸ "
۳- " امۃ الباسط غنی بنت مکرم قریشی عبد الغنی صاحب دار الرحمت غربی ربوہ ۴۶۰ "
۴- " ملیحہ مسلم بنت مکرم چوہدری رحمت علی صاحب مسلم لیکچرار اردو۔ ربوہ ۴۴۷ "
۵- " سلیمہ قمر بنت مکرم چوہدری محمد صدیق صاحب صدر عمومی۔ ربوہ ۴۲۶ "

(پرنسپل تعلیم الاسلام کالج۔ ربوہ)

# "مشعلِ راہ"

## مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی ایک بیش بہا پیشکش

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کے مطابق مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خدام الاحمدیہ سے متعلق تمام ارشادات و خطبات جن سے حضور رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی میں خدام الاحمدیہ کو نوازا "مشعلِ راہ" کے نام سے شائع کئے ہیں جو ایک ہزار صفحات پر مشتمل ہیں۔

یہ کتاب جہاں ہر مجلس خدام الاحمدیہ کے لئے راہنمائی کا موجب ہے وہاں خدام کے لئے انفرادی طور پر بے حد مفید ہے۔ اس لئے قائدینِ مجالس کو اپنی اپنی مجلس کے لئے اور خدام کو اپنے لئے یہ کتاب ضرور خریدنی چاہیئے۔

جلسہ سالانہ پر یہ کتاب پندرہ روپے (۱۵/-) میں دفتر خدام الاحمدیہ مرکزیہ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

## خریداران خالد و تشحیذ الاذہان کیلئے

اگر آپ کا چندہ ختم ہو چکا ہے تو مہربانی فرما کر جلسہ سالانہ کے موقع پر دفتر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ میں تشریف لا کر ادائیگی فرماویں۔

منیجر
ماہنامہ خالد و تشحیذ الاذہان ربوہ

## بقیہ صفحہ اوّل

وہ یہی ہے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمان تشریف لائیں اور پہلے سے کہیں بڑھ کر تعداد میں تشریف لائیں اور انہیں خدمت کا موقع عنایت کر کے سعادتِ عظمیٰ سے ہمکنار فرمائیں۔

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴